© rasailojaraid.com

ضبط تولید عقلی نقطۂ نظر سے - از جناب مصطفےٰ حسن صاحب رضوی تقطیع خورد ضخامت ۲۱۶ صفحات کتابت و طباعت بہتر قیمت ۲/۵۰ پتہ دانش محل امین آباد لکھنؤ۔

ضبط تولید کا مسئلہ آج کل کے اہم عالمگیر مسائل میں سے ہے اور اردو میں تو کم۔ انگریزی زبان میں اب تک بیسیوں کتابیں شائع ہو چکی ہیں۔ جن میں معاشی۔ سماجی۔ مذہبی اور اخلاقی پہلوؤں سے مصنفین نے اس مسئلہ کا جائزہ لیا اور اس پر مخالفانہ یا موافقانہ آرار کا اظہار کیا ہے۔ اردو میں اب تک جو کچھ لکھا گیا ہے مذہبی نقطۂ نظر سے لکھا گیا ہے۔ البتہ یہ ایک ایسی کتاب ہے جس میں موضوع بحث پر خالص عقلی زاویۂ نگاہ سے بحث کی گئی ہے۔ فاضل مصنف اردو زبان کے دیرینہ اہل قلم اور صحافی ہیں۔ اس لئے قلم بڑا شگفتہ ہے اور عبارت میں روانی اور برجستگی ہے۔ کتاب میں پہلی تحریک ضبط تولید کی تاریخ اور اس کی مختلف صورتوں پر گفتگو ہے اور اس کے بعد زرعی اور اقتصادی حیثیت سے اعداد و شمار کی روشنی میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ برتھ کنٹرول انسانی سماج کے لئے کس درجہ مضر ہوگا۔ آخر میں اسی سلسلہ کی مختلف مذاہب کی تعلیمات کا بھی تذکرہ ہے۔ غرض کہ کتاب بڑی دلچسپ اور لائق مطالعہ ہے۔

سیرت طیبہ - از مولانا قاضی زین العابدین سجاد میرٹھی۔ تقطیع خورد ضخامت ۴۴۴ صفحات کتابت و طباعت اعلیٰ قیمت ۰/۰ پتہ۔ مکتبۂ طیبہ قاضی واڑہ - میرٹھ - و برہان دہلی -

فاضل مؤلف ایک عرصہ پہلے مختصر سیرت نبوی لکھی تھی جو متعدد اسکولوں اور بعض یونیورسٹیوں کے امتحانات کے نصاب میں شامل ہے۔ اب انھوں نے کسی قدر مفصل سیرت شائع کی ہے جو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی مکی اور مدنی زندگی کے اہم واقعات پر مشتمل ہے۔ واقعات سب مستند اور حوالہ کے ساتھ ہیں۔ زبان کی سلاست اور روانی کے لئے قاضی صاحب کا نام کافی ضمانت ہے۔ اس لئے یہ کتاب بے شبہ اس لائق ہے کہ اعلیٰ تعلیم کی نصاب میں شامل کی جائے۔ البتہ بعض مسائل فقہ و علم الکلام کی نسبت موصوف اپنی جو رائے لکھتے چلے گئے ہیں۔ اگر وہ ایسا نہ کرتے تو اچھا ہوتا۔ کیونکہ ان مسائل کا تصفیہ محض واقعات سیرت سے نہیں ہو سکتا۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ قرآن و حدیث اور صحابۂ کرام کے ارشادات اور ان کا تعامل بھی پیش نظر رکھا جائے۔ پھر بعض جگہ تعبیروں میں بھی مسامحت ہو گئی ہے۔ مثلاً ص ۲۷۹ پر حضور کے ساتھ حضرت

© rasailojaraid.com